گورنر KATHY HOCHUL | فوری ریلیز کے لیے: 12/11/2023

گورنر HOCHUL کا دیوالی منانے کے لیے سرکاری عمارتوں پر چراغاں کرنے کا اعلان

ریاست کے 15 مشہور مقامات پر 12 نومبر، اتوار کی شام سرخ، زرد، گلابی اور نیلے رنگوں کی روشنیاں جلائی جائیں گی

روشنیوں کے تہوار کے اعزاز میں گورنر کی جانب سے باضابطہ پیغام کا اجراء؛ باضابطہ پیغام یہاں ملاحظہ کریں

گورنر Kathy Hochul کی جانب سے آج کے دن اعلان کیا گیا ہے کہ ریاست نیو یارک کے 15 تاریخی مقامات پر 12 نومبر، اتوار کی شام کو دیوالی منانے کے لیے سرخ، زرد، گلابی اور نیلے رنگوں سے چراغاں کیا جائے گا۔ گورنر Hochul کی جانب سے ریاستِ نیو یارک میں 12 نومبر کو دیوالی کا دن قرار دینے کا باضابطہ اعلان بھی کیا گیا ہے۔

"دیوالی جسے *روشنیوں کے تہوار* کے طور پر بھی جانا جاتا ہے، ہندو ثقافت کا ایک اہم تہوار ہے جو اندھیرے پر روشنی، بدی پر خیر اور لاعلمی پر آگاہی کی علامتی فتح کا بھی نشان ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "نیو یارک کے باشندگان، اپنی بھرپور ثقافت کے اشتراک کے لیے کردار اور عزم پر بھارتی اور جنوبی ایشیائی کمیونٹیز کے شکرگزار ہیں۔ وہ تمام لوگ جو اس تہوار کو مناتے ہیں، ہم انہیں خوشی، امن اور مستقبل میں پھلنے پھولنے کے لیے بھرپور نیک تمنائیں بھیج رہے ہیں۔"

جن تاریخی مقامات کو روشن کیا جائے گا ان میں شامل ہیں:

- ون ورلڈ ٹریڈ سینٹر
- گورنر ماریو ایم کیومو برج
- کوزی اوشکو برج
- دی ایچ کارل مک کال SUNY بلڈنگ
- سٹیٹ ایجوکیشن بلڈنگ
- الفریڈ ای سمتھ سٹیٹ آفس بلڈنگ
- ایمپائر سٹیٹ پلازہ
- سٹیٹ فیرگراؤنڈز - مین گیٹ اور ایکسپو سینٹر
- نیاگرا فالز
- "فرینکلن ڈی روزویلٹ" مڈ-ہڈسن برج
- البانی انٹرنیشنل ایئرپورٹ گیٹ وے
- MTA LIRR - Penn سٹیشن پر ایسٹ اینڈ گیٹ وے
- ایری کینال پر فیئرپورٹ لفٹ پل
- مائنیہان ٹرین ہال
- ہڈسن ریاستی تاریخی پارک کے اوپر پیدل چلنے کا راستہ

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں